گرامی قدر مولانا عتیق الرحمٰن صاحب زیدت معالیکم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرے لیے انتہائی سعادت ہے کہ ''نقیب ختم نبوت'' آپ تک پہنچ رہا ہے۔ سب سے زیادہ خوشی کی بات یہ ہے کہ آپ نے اس کے مشمولات کا نہ صرف مطالعہ فرمایا بلکہ اس پر نقد بھی کیا۔ آپ نے جس مضمون کی طرف متوجہ کیا ہے۔ وہ ہماری کوتاہ نظری کے نتیجے میں شائع ہوگیا۔ ان شاء اللہ آئندہ احتیاط کی جائے گی۔

تبصرۂ کتب کے سلسلے میں آپ نے جس غلطی کی نشان دہی فرمائی، اس کے لیے ''مبصر'' صاحب آپ سے رجوع کریں گے۔

مختلف احباب کے ذریعے آپ کی صحت کے بارے میں جو معلومات پہنچتی رہتی ہیں ان سے یہی اندازہ ہوتا ہے کہ صحت اچھی نہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت وسلامتی عطاء فرمائیں۔ (آمین) میں امید کرتا ہوں کہ آپ اسی طرح ہماری رہنمائی فرماتے رہیں گے۔

والسلام مع الاکرام

طالبِ دعاء

سید محمد کفیل بخاری

(مدیر)

(۲۵؍جولائی ۲۰۰۸ء)

عبداللطیف خالد چیمہ کی برطانیہ روانگی

مجلس احرار اسلام پاکستان کے ناظم اعلیٰ عبداللطیف خالد چیمہ کے بیرون ملک سفر کی ترتیب بوجوہ تبدیل ہوگئی تھی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اب وہ ۲؍اگست ۲۰۰۸ء بروز ہفتہ برطانیہ روانہ ہو جائیں گے اور اگست کے آخری ہفتے واپس آئیں گے۔ اپنے قیام کے دوران وہ مختلف شہروں کا دورہ کریں گے اور ممتاز برطانوی علماء کرام اور دانشوروں سے موجودہ عالمی صورتحال پر مشاورت کے علاوہ تحریک تحفظ ختم نبوت کی تازہ صورتحال اور احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے کام کا جائزہ لیں گے۔ برطانیہ میں ان سے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

لندن: 0208-5500104 گلاسگو: 0141-4182353, 0141-5563700

موبائل: 07931328667